Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

24جون2014

برائے رابطہ: اینڈریو آرمسٹرانگ، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

## USAID کی جانب سے خواتین کیلیے ملازمت کے مواقعوں میں اضافے کیلیے Job Fair کاانعقاد

کراچی۔امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی(USAID) کی جانب سےWomen in Trade کے عنوان سے Job Fair کاانعقاد کیا گیا جس میں150 سے زائد خواتین نے شرکت کی جبکہ10 یونیورسٹیوں اور20 سے زائد تجارتی اداروں کے نمائندے بھی اس تقریب میں موجود تھے۔

Job Fair کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی(USAID) کے صوبائی ڈائریکٹر اسکپ واسکن کا کہنا تھا کہ 'امریکی حکومت پاکستانیوں خاص طور پر خواتین کیلیے معاشی ترقی کے مواقعوں میں اضافے کیلیے کوشاں ہے۔'ان کامزید کہنا تھا کہ 'Women in Trade Management Training and Mentorship Program پاکستانی خواتین کوملازمت کے نئے مواقع فراہم کرنے کیلیےUSAID کی کوششوں کی ایک بہترین مثال ہے۔'

Job Fair میں حال ہی میں تعلیمی اداروں سے فارغ التحصیل ہونے والی خواتین کے ساتھ ساتھ وسیع پیشہ ور آنہ تجربہ رکھنے والی خواتین نے بھی شرکت کی۔اس Job Fair کے ذریعے تعلیمی اداروں اور صنعت وتجارت کے شعبوں کے درمیان موجود خلیج کوپُر کرنے میں مدد ملی جبکہ تربیتی پروگرام سے فائدہ اٹھانے والی66 خواتین مختلف اداروں میں ملازمت بھی حاصل کرچکی ہیں۔

پاکستان کی معاشی ترقی اوراقتصادی خودانحصاری کیلیے امریکی حکومت کی جانب سے کوششیں کی جارہی ہیں۔USAID کی جانب سے پاکستانی حکومت اور نجی شعبے کو تکنیکی معاونت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ دوطرفہ تجارت کے فروغ کیلیے کیے جانے والے اقدامات ان کوششوں کا حصہ ہیں۔

####